باسمہٖ تعالیٰ شانہٗ

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (آل عمران ۸۵)

ترجمہ: اور جو شخص اسلام کے سوا کسی دوسرے دین کو طلب کریگا تو وہ اس سے مقبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں تباہ کاروں میں ہوگا۔



نعمتِ ایمان

اور

اس سے محرومی کے اسباب

شریعت کی روشنی میں ایمان سے محروم کرنے والے کلمات اور اعمال پر مشتمل جامع و مفصل دستاویز جسے علماء، فقہاء اور اہل اللہ نے ہر صاحبِ ایمان کی اہم ترین ضرورت قرار دیا ہے

مؤلف

سید عبد الرحیم الحسنی

ناشر مولانا سید عبد الولی اکیڈمی بارہمولہ کشمیر

فون : ۰۱۹۵۲۳۴۰۹۹ پن کوڈ : ۱۹۳۱۰۱

رائے گرامی

فقیہ اسلام حضرت مولانا مفتی مظفر حسین صاحب دام مجدہ ناظم مدرسہ مظاہر علوم وقف سہارنپور
وحضرت مولانا و مفتی مجد القدوس صاحب زیدہ مجدہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم وقف سہارنپور

عزیز گرامی قدر حافظ مولوی مفتی سید عبدالرحیم صاحب، جیلانی کشمیری سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آپ نے جو کام انجام دیا ہے، وہ میری دلی خواہش تھی کہ اردو میں بھی باقاعدہ ایسے کلمات اور ان کے شرعی احکام جمع کردئے جائیں۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو توفیق عطا فرمائی۔ ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

مخدومی حضرت ناظم صاحب دامت برکاتہم نے مسودہ دیکھ کر فرمایا کہ "ماشاء اللہ کافی ذخیرہ جمع کردیا، آپ حضرات ملاحظہ فرمالیں میں نے خود بھی جستہ جستہ دیکھ لیا ہے" چنانچہ احقر نے تقریباً باستیعاب ہی دیکھا اور بعض مقامات پر مشورۃً مختصراً حاشیہ پر لکھ دیا ہے۔ میرے خیال میں اس مجموعہ کا نام "نعمت ایمان و اسلام اور کفریہ کلمات کے شرعی احکام" ہونا چاہیے۔ ماشاء اللہ پوری کتاب کے حوالہ سے مدلل ومحول ہے جو اعتماد کے لئے کافی ووافی ہے۔

اللہ تعالیٰ مؤلف زید فضلہ کو جزائے خیر نصیب فرمائے اور قارئین کو نعمتِ ایمان واسلام کی قدردانی بخشے اور مرتے دم تک استقامت کی دولت سے مالامال رکھے اور ہم سب کو وقتِ موعود آنے پر حسنِ خاتمہ عطا فرمائے۔ آمین

بحکم حضرت مولانا مفتی مظفر حسین صاحب دامت برکاتہم

مجد القدوس

یکم محرم الحرام ۱۴۲۲ھ